© rasailojaraid.com



نتیجۂ فکر: جانشینِ امیرِ شریعت سید ابو معاویہ ابو ذر بخاری رحمہ اللہ

# دمکتا ہوا سیار ہوں میں

ایک مجہول ثقافت کے علمبردار و ایک لاریب صداقت کا گنہگار ہوں میں
ایک گمراہ تفکر کے پرستار ہو تم ایک پائندہ ہدایت کا خریدار ہوں میں
تم ہو سفاک امارت کے لٹیرے قاصد ایک تفویض امانت کا نگہدار ہوں میں
ایک عیار سیاست کا زبوں صید ہو تم ایک بے باک حقیقت کا گرفتار ہوں میں
اجنبی دیس کی اک نقرئی، جھنکار ہو تم اور اک فقر شہنشاہی کا ایثار ہوں میں
سرخ و اسپید کی تجدید میں محصور ہو تم ایک جہانگیر اخوت کا فدا کار ہوں میں
ایک پوشیدہ خباثت کے فسوں کار ہو تم ایک معروف دیانت کا پرستار ہوں میں
تم ہو غوغاء عفاریت جہانِ منگول عرصۂ دھر میں گونجی ہوئی للکار ہوں میں
تم ہو عصیاں کے جہنم کا دہکتا ایندھن ذوقِ طاعت سے مہکتا ہوا گلزار ہوں میں
فلک آرائی انجم سے مجھے کیا لینا نورِ ایقاں سے دمکتا ہوا سیار ہوں میں


## پاکستان میں کیا ہو گا؟

خطیب الامت، بطلِ حریت، امیرِ شریعت

سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ نے پاکستان کے بارے میں کن خدشات کا اظہار کیا تھا؟

اردو پارک دہلی میں ۱۹۴۶ء کی تاریخی تقریر ○ دہلی دروازہ لاہور میں ۱۹۴۵ء کی تقریر

○ متفرق تقاریر کے منتخب اقتباسات ○ قیمت -/10 روپے

بخاری اکیڈمی دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان


© rasailojaraid.com